# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

Date: 14 October-2024

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۴/اکتوبر ۲۰۲۴ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

**** **** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ خواتین کا معاشی استحکام حکومت کی ترجیح ہے: وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا عندیہ۔

☆ ریاست میں امن و انتظام کی اَبتر صورتحال پر مہا وِکاس آگھاڑی کے رہنماؤں کی سخت تنقید۔

☆ باباصدیقی کے قتل کے ایک ملزم کو 21 اکتوبر تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم۔

☆ وقف املاک کا استعمال مسلمانوں کا معیارِ زندگی بہتر بنانے کیلئے ہوگا: اقلیتی و پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رِجیجو کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ جائیکواڑی ویلدری پشتوں سے پانی کا اخراج؛ ندی کے اطراف سکونت پذیر افراد کو خبردار رہنے کی ہدایت۔

**** **** *****

اب خبریں تفصیل سے:

وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے کہا ہے کہ خواتین کے معاشی استحکام کو حکومت اوّلیت دیتی ہے۔ کل ناندیڑ میں خواتین کو استحکام بخشنے سے متعلق ایک اجتماع سے وہ خطاب کر رہے تھے۔ انھوں نے کہا کہ وزیرِ اعلیٰ ماجھی لاڈکی بہن اسکیم کی رقم میں مرحلہ وار اضافہ کیا جائیگا اور انتخابی ضابطۂ اخلاق کے پیشِ نظر دو ماہ کی اقساط پیشگی ادا کی گئی ہیں۔ اس اسکیم کیلئے حکومت نے 33 ہزار کروڑ روپئے مختص کیے ہیں۔ وزیرِ اعلیٰ نے تیقن دیا کہ لاڈکی بہن اسکیم سمیت کوئی بھی دوسری فلاحی اسکیم بند نہیں ہوگی۔ اس اسکیم پر حزبِ اختلاف کی جانب سے گمراہ کُن پروپیگنڈہ کیے جانے پر انھوں نے شدید نکتہ چینی کی۔ سالانہ تین گیس سلنڈر مفت دینے کی اسکیم اور طالبات کو مفت تعلیم جیسے فلاحی منصوبوں کا ذکر کرتے ہوئے وزیرِ اعلیٰ نے کہا کہ یہ اسکیمیں خواتین کیلئے مستقل سہارا ہیں اور مہاراشٹر ملک کی پہلی ریاست ہے جس میں نوجوانوں کو بھتے کے ساتھ ساتھ تربیت بھی دی گئی ہے۔ رکنِ پارلیمان اشوک چوہان اور رُکنِ اسمبلی بالاجی کلیانکر بھی اس موقع پر موجود تھے۔

دریں اثناء شمالی ناندیڑ اسمبلی حلقے کے مختلف ترقیاتی کاموں کا وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں افتتاح اور سنگِ بنیاد رکھا گیا۔

**** **** *****

ممبئی کے چرنی روڈ علاقے میں تعمیر کیے جانے والے ''مراٹھی بھاشا بھون'' کا سنگِ بنیاد کل وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کے ہاتھوں رکھا گیا۔ اس موقع پر انھوں نے خواہش ظاہر کی کہ یہ بھاشا بھون عظیم الشان ہونا چاہیے اور مراٹھی زبان کی بقاء اور ترویج کیلئے مزید زور و شور سے کام کرنے کی انھوں نے تلقین کی۔ نئی ممبئی کے واشی میں سائن- پنویل ایکسپریس وے پر ممبئی- پونا شمالی راہداری کا افتتاح نیز ریوس ریڈی بحری شاہراہ کے سات پُلوں کا سنگِ بنیاد وزیرِ اعلیٰ کے ہاتھوں رکھا گیا۔ ممبئی عظمیٰ میونسپل کارپوریشن کے مجوزہ کانجور مارگ، بھانڈوپ، وِکھرولی کے اسپتال کے سنگِ بنیاد کی تقریب میں بھی انھوں نے شرکت کی۔

**** **** *****

اسی دوران وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے آج جالنہ ضلع کا دورہ کررہے ہیں۔گھن ساونگی تعلقے کے کمبھار پمپل گاؤں میں منعقد ہونے والے کسان اجتماع سے وہ خطاب کریں گے۔اس کے علاوہ بلیوسفائرفوڈ پروسیسنگ یونٹ نمبر-2 کا سنگِ بنیاد بھی وہ رکھیں گے۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس شرد چندر پوار پارٹی کے سربراہ رُکنِ پارلیمان شرد پوار نے کہا ہے کہ قومی سیاست میں مہاراشٹر کا ایک الگ ہی دبدبہ تھا' لیکن موجودہ حکومت نے یہ نام مٹی میں ملا دیا ہے۔آئندہ اسمبلی انتخابات کے پیشِ نظر مہا وِکاس آگھاڑی کے رہنماؤں نے کل ممبئی میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کیا۔اس موقع پر انھوں نے کہا کہ ریاستی حکومت نے گذشتہ دو تین ماہ میں متعدد فیصلے کیے جو کہ نا قابلِ عمل ہیں۔ شیوسینا اُدّھو باڑا صاحب پارٹی کے سربراہ اُدّھوٹھاکرے نے اس اخباری کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ریاست میں امن وامان اور سلامتی کی صورتحال تباہ ہوچکی ہے۔خواتین پر مظالم کے واقعات رونماء ہورہے ہیں اور سیاسی رہنماء ہی جہاں محفوظ نہ ہوں' وہاں عام آدمی کے تحفظ کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔کانگریس کے ریاستی صدر نانا پٹولے نے اس موقع پر کہا کہ موجودہ ریاستی حکومت نے کئی کارپوریشنز کے قیام کا اعلان کیا ہے۔تاہم پہلے یہ دیکھنا ہوگا کہ کیا پہلے سے قائم شدہ کارپوریشنز فعال ہیں۔انھوں نے کہا کہ سرکاری وسائل کے ذریعے سیاسی بیانات جاری کیے جارہے ہیں جو نامناسب ہیں۔دریں اثناء ان رہنماؤں نے ''غداروں کا پنچنامہ'' کے عنوان سے ایک قرطاس جاری کرتے ہوئے بدعنوان اتحاد کے خلاف چارج شیٹ بھی پیش کی۔

***** ***** *****

راشٹر وادی کانگریس رہنماء بابا صدیقی کے قتل کے معاملے میں ممبئی پولس نے دو افراد کو گرفتار کرلیا ہے۔تیسرا ملزم فرار ہے اور اس کی تلاش جاری ہے۔گُرمیل سنگھ اور دھرم راج کشیپ نامی دو ملزمان کو کل قلعہ عدالت میں پیش کیا گیا۔ جہاں گُرمیل سنگھ کو 21 اکتوبر تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم دیا گیا، جبکہ دھرم راج کشیپ کی عمر کی جانچ کے بعد اسے دوبارہ پیش کرنے کا حکم عدالت نے جاری کیا۔ممبئی پولس کرائم برانچ کی 15 ٹیمیں اس واردات کا ہر پہلو سے جائزہ لے رہی ہیں۔کرائم برانچ کے ذرائع نے بتایا کہ اس معاملے میں دیگر ریاستوں کی پولس کی بھی مدد لی جارہی ہے۔

خطرناک بشنوئی گینگ کے اس واردات میں ملوث ہونے کے خدشے کا اظہار سماجی رابطے کی ویب سائٹس پر کیا جارہا ہے۔پولس نے وضاحت کی کہ اس زاویے سے بھی بابا صدیقی کے قتل کی تحقیقات کی جارہی ہے۔

***** ***** *****

دریں اثناء' بابا صدیقی قتل کے پیشِ نظر کوئی بھی گینگ ممبئی میں دوبارہ سرگرم نہ ہو اس بات کا خاص خیال رکھنے کی ہدایت وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے نے محکمۂ پولس کو دی ہے۔بابا صدیقی کے جسدِ خاکی کو کل پورے سرکاری اعزاز کے ساتھ ممبئی میں سپردِ لحد کردیا گیا۔

اسی دوران حزبِ اختلاف کے قائدین نے سیاسی رہنماء کے قتل کے پیشِ نظر ریاست میں امن و انتظام کی صورتحال پر سوالات اُٹھائے ہیں۔اسمبلی میں قائدِ حزبِ اختلاف وجے وڑیٹیوار نے امن و انتظام کی صورتحال کی تباہی کا الزام لگاتے ہوئے وزیرِ داخلہ سے استعفے کا مطالبہ کیا۔

***** ***** *****

یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جارہی ہیں۔

***** ***** *****

مرکزی وزیر برائے اقلیتی و پارلیمانی اُمور کرن رجیجو نے کہا ہے کہ مجوزہ وقف بل کے باعث مسلمانوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔کل چھترپتی سمبھا جی نگر میں ایک اطلاعی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے انھوں نے کہا کہ دنیا بھر میں سب سے زیادہ وقف املاک بھارت میں ہیں لیکن مسلمان اس سے استفادہ کرنے سے محروم ہیں۔ملک میں معاشی طور پر پسماندہ مسلمانوں کی تعداد زیادہ ہے اور اس کی ذمہ دار کانگریس ہے' کیونکہ انھیں محض ووٹ بینک بنائے رکھا گیا۔انھوں نے کہا کہ وقف املاک سے مسلمانوں کو فائدہ نہیں ہو رہا۔تاہم مجوزہ وقف بل میں ایسی گنجائشیں رکھی گئی ہیں جس سے یہ املاک مسلمانوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنانے کیلئے کام میں لائی جائیں گی۔فی الحال یہ بل مشترکہ پارلیمانی کمیٹی کو بھیجا گیا ہے اور اعتماد ظاہر کیا کہ بہت جلد یہ بل پاس کرالیا جائے گا۔کرن رجیجو نے بتایا کہ 26 نومبر کو دستورِ ہند کے 75 برس مکمل ہونے کے سلسلے میں مرکزی حکومت کی جانب سے ہر گاؤں میں سنویدھان گورو ابھیان چلایا جائیگا اور ہر ضلع میں سنویدھان بھون تعمیر کیا جائیگا۔انھوں نے کہا کہ چند حلقوں سے گمراہی پھیلائی جارہی ہے کہ دستور کو تبدیل کیا جارہا ہے۔اس گمراہ کُن پروپیگنڈے کا شکار نہ ہونے کی ترغیب بھی وزیرِ موصوف نے دی۔

***** ***** *****

اطلاعات و نشریات محکمے کے سیکریٹری سنجئے جاجو نے کہا ہے کہ مرکزی حکومت کی اسکیمیں اطلاعات و نشریات کی وزارت کے زیرِ انصرام ذرائع ابلاغ کے ذریعے شہریوں تک پہنچائی جارہی ہیں۔وہ کل ناگپور میں اطلاعات و نشریات کی وزارت کے تحت مختلف ذرائع ابلاغ کے عہدیداروں کے ساتھ ایک جائزہ اجلاس سے خطاب کررہے تھے۔

***** ***** *****

خواتین کے ٹی ٹوئنٹی عالمی کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں کل بھارت کو آسٹریلیاء کے خلاف 9 رنوں سے شکست ہوئی۔ پہلے بلّے بازی کرتے ہوئے آسٹریلیاء نے مقررہ 20 اوور میں آٹھ وِکٹ کے نقصان پر 151 رن بنائے' جواب میں بھارت کی ٹیم 9 وِکٹ پر 142 رن بناسکی۔اس فتح کے بعد آسٹریلیاء کی ٹیم سیمی فائنل میں داخل ہوگئی ہے۔ بھارت کے سیمی فائنل میں داخلے کا انحصار اب پاکستان اور نیوزی لینڈ کے مابین ہونے والے میچ پر ہے۔ اگر پاکستان یہ میچ جیت جاتا ہے تو بھارت سیمی فائنل میں داخل ہوجائے گا۔

***** ***** *****

ریاست میں واپسی کی بارش کا سلسلہ جاری ہے۔جس کے باعث کئی پشتوں سے پانی دوبارہ چھوڑا جارہا ہے۔ہنگولی ضلع میں یلدری ڈیم سے ایک ہزار 800 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی پورنا ندی میں چھوڑا جارہا ہے۔

چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع کے پیٹھن کے جائیکواڑی آبی منصوبے کے چار دروازوں سے دو ہزار 96 مکعب فٹ فی سیکنڈ کی رفتار سے پانی کا اخراج جاری ہے۔ندی کے کنارے رہنے والوں کو انتظامیہ کی جانب سے خبردار رہنے کا اشارہ دیا گیا ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں ::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ خواتین کا معاشی استحکام حکومت کی ترجیح ہے: وزیرِ اعلیٰ ایکناتھ شندے کا عندیہ۔

☆ ریاست میں امن و انتظام کی اَبتر صورتحال پر مہا وِکاس آگھاڑی کے رہنماؤں کی سخت تنقید۔

☆ بابا صدیقی کے قتل کے ایک ملزم کو 21 اکتوبر تک پولس تحویل میں رکھنے کا حکم۔

☆ وقف املاک کا استعمال مسلمانوں کا معیارِ زندگی بہتر بنانے کیلئے ہوگا: اقلیتی و پارلیمانی اُمور کے وزیر کرن رِجیجو کا تیقن۔

اور۔۔۔☆ جائیکواڑی و یلدری پشتوں سے پانی کا اخراج؛ ندی کے اطراف سکونت پذیر افراد کو خبردار رہنے کی ہدایت۔

***** ***** *****